1989ء سے مسلسل اشاعت

15 تا 21 دسمبر 2023 | شمارہ نمبر 51 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ
کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-



## FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com



IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com



bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# HI-KOTE®

金海浆纸
JINHAI PULP & PAPER

## Features

- Wood free coated paper with smooth matt surface
- Excellent thickness
- Superior in elegant printing requirement
- Blue-white color shade and high brightness
- High opacity
- Good printing brilliance
- Fast ink set

## Specifications

HO-KOTE C2S Matt

| Item | Unit | Test Method Reference | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Basis Weight | g/m² | ISO536 | 90 | 100 | 105 | 115 | 120 | 128 | 130 | 150 | 157 | 170 | 200 | 250 | 300 |
| Thickness | um | ISO534 | 78±4 | 84±4 | 90±4 | 100±4 | 104±4 | 110±4 | 111±4 | 128±4 | 140±4 | 153±4 | 180±4 | 250±7 | 285±8 |
| Brightness | %ISO | ISO2470 | 88-91 | | | | | | | | | | | | |
| Opacity | % | ISO2471 | 89-92 | 92-95 | 92-95 | 93-96 | 93-96 | 94-97 | 94-97 | 96-99 | 96-99 | 97-100 | 97-100 | 97-100 | 97-100 |
| Roughness | um | ISO8791/4 | ≤2.7 | | | | | | | | | | | ≤2.5 | |
| Gloss | % | T480 | 32±5 | | | | | | | | | | | 30±5 | |

Remark: Above are average values.

## Applications

- Publishing and commercial Printing

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### FOR BOOKING CONTACT

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBM-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · pplus EXTRAPRINT · srw EXTRAPRINT



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM ™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989ء سے مسلسل اشاعت

weeklypaperbusiness.com

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک

**چیف ایڈیٹر:**

محمد رؤف





**ایڈیٹوریل بورڈ:**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری



**چارجز: 100 روپے**

| | |
|---|---|
| کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ | 2500 روپے |
| بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ | 3000 روپے |
| خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ | 1500 روپے |
| ای میگزین | 1500 روپے |

**for Online Pyments**
**Summit Bank**
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
**United Bank Ltd (UBL)**
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور،
ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد،
بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com


# پانچ روزہ عالمی کتب میلے کا وزیر اعلیٰ سندھ کے ہاتھوں افتتاح

## 14 سے 18 دسمبر تک کراچی ایکسپو میں جاری رہے گا۔ صوبائی نگراں وزیر اطلاعات احمد شاہ مہمان اعزازی۔ عزیز خالد کا پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان پبلشرز اور بک سیلرز ایسوسی ایشن کے تحت 18 واں کراچی انٹرنیشنل بک فیئر 2023 کراچی ایکسپو سینٹر میں جمعرات 14 دسمبر سے شروع ہو رہا ہے پانچ روزہ کتب میلہ پیر 18 دسمبر تک جاری رہے گا۔ عالمی کتب میلے میں پاکستان، ترکی، سنگاپور، چین، ملائیشیا، برطانیہ، متحدہ عرب امارات سمیت 17 ممالک کے تقریباً 40 ادارے حصہ لے رہے ہیں۔ نمائش میں 330 سے زائد اسٹال لگائے جائیں گے پاکستان بھر سے نامور پبلشرز بھی اپنے اسٹال لگا رہے ہیں نمائش میں انتہائی کم قیمت میں کتابیں دستیاب ہوں گی۔ نمائش میں اس سال چار لاکھ سے زائد افراد کی آمد متوقع ہے۔ نمائش کی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی نگران وزیر اعلی سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر ہوں گے ۔ مہمان اعزازی نگران صوبائی وزیر برائے اطلاعات، سماجی امور تحفظ اور صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ




ہوں گے۔ اس عالمی کتب میلے کی افتتاحی تقریب جمعرات 14 دسمبر 2023 کو ہوگی۔ پاکستان پبلشرز اور بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد اور کنوینز کے۔ آئی۔ بی۔ ایف وقار متین نے پیر 11 دسمبر کو مقامی ہوٹل میں ہونے والی پریس کانفرنس میں صحافیوں کو اس عالمی میلے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان پبلشرز اور بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد، کنوینر وقار متین خان، ڈپٹی کنوینز ناصر حسین، ندیم مظہر، ایم۔ اقبال غازیانی، اقبال صالح محمد، ندیم اختر، کامران نورانی، اور سلیم عبدالحسین، سعد بن عزیز، اصغر زیدی اور اویس مرزا جمیل بھی موجود تھے۔ پاکستان پبلشرز اور بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد نے پریس کانفرنس کے دوران صحافیوں کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی کاغذ کتابوں کے لئے معیاری نہیں جبکہ درآمدی کاغذ کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اگر حکومت درآمدی کاغذ پر عائد ڈیوٹی کی شرح کم سے کم کر دے تو کتابوں کی قیمتیں 50 فیصد تک کم ہو جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں 80 فیصد آبادی دیہی علاقوں میں رہتی ہے جہاں انٹرنیٹ یا جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کسی صورت ممکن نہیں اس لئے شائع کتابوں کی اہمیت کم نہیں ہو سکتی۔ قبل ازیں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عزیز خالد نے کہا کہ اس طرح کے کتب میلے اب صرف عام میلوں کی حیثیت نہیں رکھتے نہ ہی یہ صرف اور صرف پبلشرز کو ایک سادہ سا پلیٹ فارم مہیا کرتے ہیں بلکہ موجودہ دور میں (کے۔آئی۔بی۔ایف) جیسے کتب میلے پاکستان کے مثبت پہلوؤں کو اُجاگر کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ (کے۔آئی۔بی۔ایف) کا حالیہ ایڈیشن پچھلے تمام ایونٹس کے مقابلے میں منفرد ہوگا جس میں اس عالمی کتب میلے کے ذریعے پیشہ ورانہ مہارت اور دیگر امور کا تبادلہ بھی کیا جائے گا۔ کے آئی بی ایف کے کنوینئر وقار متین نے کہا کہ 2005 سے لگاتار منعقد ہونے والے کراچی بین الاقوامی کتب میلے کو پاکستان کے سب سے بڑے تجارتی میلے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔ یہ میلہ تمام پبلشرز، ڈسٹری بیوٹرز، ملکی و غیر ملکی پبلشرز، لائبریریز اور صارفین کو ایک پلیٹ فارم پر لاتا ہے۔ وقار متین کا کہنا تھا کہ ہر سال ہونے والا یہ عالمی میلہ پاکستان بھر کے لاکھوں طلبہ، والدین، ادبی و تدریسی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی خاص توجہ کا مرکز رہا ہے۔

## عابد نثار اور خامس سعید بٹ کے نام فیڈریشن کی حتمی انتخابی فہرست میں شامل

کراچی (پیپر بزنس نیوز) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سیکریٹری جنرل نے 8 دسمبر کو فیڈریشن کے انتخابات 2024 کے لئے حتمی انتخابی فہرست جاری کر دی ہے۔ جس میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے نامزد اراکین برائے جنرل باڈی اور ایگزیکٹو کمیٹی خامس سعید بٹ اور برائے جنرل باڈی عابد نثار کے نام بھی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ حتمی انتخابی فہرست میں 48 چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، 10 وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، 7 چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹری اور 122 ایسوسی ایشنز آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے نمائندے شامل ہیں۔ اس طرح ووٹرز کی کل تعداد 187 ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# فیڈریشن کی نامزدگیوں پر انصاف بزنس پینل کی مسلسل تیسری کوشش ناکام

## ڈی جی ٹی او نے انصاف بزنس پینل کی خامس سعید بٹ اور عابد نثار کی نامزدگی کے خلاف اپیلوں پر فیصلے سے معذرت کرلی کیونکہ لاہور ہائی کورٹ میں متعدد درخواستیں زیر سماعت ہیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز نے پیپر مارکیٹ میں قائم انصاف بزنس پینل کے 11 اراکین کی جانب سے داخل کی گئی اپیلوں پر احکامات جاری کرنے سے معذرت کرلی ہے۔ یہ اپیلیں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سیکریٹری جنرل اور الیکشن کمیشن ایف پی سی آئی کی جانب سے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے خامس سعید بٹ اور عابد نثار کی بطور ممبر ایگزیکٹو کمیٹی اور ممبر جنرل باڈی نامزدگی منظور کرنے خلاف دائر کی تھیں۔ 6 دسمبر کو عمر داد آفریدی ریگولیٹر آف ٹریڈ آرگنائزیشنز نے اپنے حکم نمبر 88/2023 میں کہا ہے کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے اور ممبران کے متعدد مقدمات لاہور ہائی کورٹ میں داخل ہے جس میں حکم امتناعی بھی شامل ہے لہٰذا ڈی جی ٹی او آفس ان اپیلوں پر فیصلے کرنے سے قاصر ہے لہٰذا یہ درخواستیں خارج کی جاتی ہیں۔ واضح رہے کہ انصاف بزنس پینل کے نجم الرحمن اور 11 دیگر نے الیکشن کمیشن آف ایف پی سی آئی کے فیصلوں کے خلاف یہ اپیلیں دائر کی تھیں۔ اس سلسلے میں 4 اور 5 دسمبر کو سماعت ہوئی جس میں اپیل کنندگان کی جانب سے رضوان شبیر کیانی ایڈووکیٹ، مراد اقبال، ہاشم رضا اور نایاب حبیب ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ جبکہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، خامس سعید بٹ اور عابد نثار کی جانب سے شہزاد شوکت ایڈووکیٹ، سعد صعیب وائیں ایڈووکیٹ، بلال خان اور فواز خان پیش ہوئے۔ واضح رہے کہ سیکریٹری جنرل فیڈریشن اور الیکشن کمیشن فیڈریشن نے اس بنیاد پر نجم الرحمن اور دیگر کی اپیلیں خارج کردی تھیں کہ وہ کسی ایسوسی ایشن کی نمائندگی نہیں کررہے ہے اور ان کو یہ اپیلیں دائر کرنے کا استحقاق حاصل نہیں ہے۔ لہٰذا ٹریڈ آرگنائزیشنز رولز 2013 کے رول 18(4) کے تحت یہ اعتراضات مسترد کئے جاتے ہیں کیونکہ درخواست دہندگان کسی بھی ٹریڈ باڈی میں ایگزیکٹو کمیٹی اور جنرل باڈی کی نمائندگی نہیں کررہے ہے۔ سیکریٹری جنرل کے پاس اپیلیں نجم الرحمن، ڈان کنورٹیک (پرائیوٹ) لمیٹڈ، الانعام پرنٹرز، لیزر پرنٹ کو، ایلیگینیٹ پیکیجز، الیکٹرون پرنٹرز (پرائیوٹ) لمیٹڈ، ایم ایم ٹریڈرز، پرل پیکیجز، ایف ایس ڈی ٹریڈرز، ڈیلکس پیکیجز، احسان پیپر مارٹ، اے یو پیکیجز، آسا پرنٹنگ پریس اور واسا پرنٹر، ٹریڈ انٹر نیشنل، حدیبیہ پیپر مارٹ اور زیڈ اے کارپوریشن نے دائر کی تھی جس میں خامس سعید بٹ اور عابد نثار کا نام فیڈریشن کی عبوری ووٹر لسٹ میں شامل ہونے پر اعتراضات کئے گئے تھے۔ بعد ازاں سیکریٹری جنرل کے فیصلے کے خلاف الیکشن کمیشن فیڈریشن کے پاس اپیلیں دائر کی گئی تھی جسے کمیشن نے بھی مسترد کردیا تھا۔ اس طرح انصاف بزنس پینل کو فیڈریشن میں نامزدگی کے خلاف مسلسل تیسری کوشش میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ اب آخری فورم ہائی کورٹ ہوگا جس کا فیصلہ حتمی سمجھا جائے گا۔

# مخالفین نے شکست سے بچنے کے لئے عدالت کا سہارا لے کر انتخابات رکوائے تھے، خامس سعید بٹ

## انصاف بزنس پینل کی شکست یقینی تھی اور آج بھی یہ انتخابات نہیں جیت سکتے، صرف اپیما کے خلاف سازشیں کرسکتے ہیں

لاہور (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے فیڈریشن کی جنرل باڈی اور ایگزیکٹو کمیٹی کے لئے نامزد رکن خامس سعید بٹ نے اپنا نام حتمی ووٹر لسٹ میں شامل ہونے پر کہا ہے کہ وہ اللہ تعالی کے بے حد شکر گزار ہیں کہ اس سال چوتھی مرتبہ مجھے اپیما کی طرف سے (ایف پی سی سی آئی) میں بحیثیت ممبر ایگزیکٹو کمیٹی مخالفین کی تمام تر رکاوٹوں کے باوجود نمائندگی کا حق ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں وہ ممبران اپیما کی محبت اور شفقت کے مرہون منت ہیں وہاں وہ محمد سلیم بیکیا اور انکی پوری ٹیم کی عملی کاوشوں کو بھی نظر انداز نہیں کرسکتے اور ان کی اس بے لوث کامیاب جدوجہد پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ محمد سلیم بیکیا نے ہر محاذ پر اپیما کو قائم و دوائم رکھنے میں بھرپور معاونت کی۔ اپیما مخالفین جو کہ مسلسل تین سالوں سے اپنی ممبر شپ تک برقرار رکھنے میں ناکام رہے ہیں، انہوں نے 2019 کے اپیما کے ہونے والے انتخابات کو



عدالتی کاروائی سے رکوایا تھا جن میں ان کی شکست بالکل واضح تھی اور یہ ٹولہ اب تک اپیما کے خلاف سازشوں میں مصروف ہے اور انتخابی عمل کو مسلسل سبوتاژ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال میری اور عابد نثار کی فیڈریشن میں نامزدگی کے خلاف سیکرٹری جنرل، الیکشن کمیشن اور ڈی جی ٹی او سے بھی انہیں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا اور ان نامزدگیوں کو نہیں رکوا سکے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ فیڈریشن کے الیکشن میں برسر پیکار دونوں گروپوں میں سے کسی نے بھی ان کا ساتھ نہیں دیا اور یہ نامزدگیاں برقرار رہیں، کروڑوں کا ضیا کرنے کے باوجود اپیما کو ختم کرنے کی خواہش صرف خواہش ہی رہ گئی۔ اللہ کے فضل سے آج بھی میں یہ بات بڑے وثوق سے کہتا ہوں کہ اپیما کا الیکشن یہ کبھی نہیں جیت سکتے، اس لیے یہ کئی سالوں سے الیکشن سے بھاگ رہے ہیں۔ ابھی بھی کچھ نہیں بگڑا، خامس سعید بٹ نے مخالفین کو مشورہ دیا کہ وہ اپیما کی بہتری اور ترقی کے لیے حقائق کا سامنا کریں اور ممبران کو اس اضطرابی کیفیت سے نجات دلائیں۔

# ڈی جی ٹی او کے فیصلے سے ٹریڈ دشمنوں کو منہ کی کھانی پڑی، عابد نثار



کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق وائس چیئرمین اور نامزد رکن برائے فیڈریشن انتخابات 2024 عابد نثار نے کہا ہے کہ پیپر ٹریڈ کے دشمنوں کو ڈی جی ٹی او کے فیصلے سے سبکی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ زیادہ بہتر تو یہ ہوتا کہ وہ اپیما کے 1200 اراکین کے خلاف کام کرنے کے بجائے ان کی مدد کرتے اور ایسوسی ایشن کو فعال رکھنے میں اپنا کردار ادا کرتے۔ فیڈریشن میں نامزدگیوں کو چیلنج کرکے انہوں نے بزدلی کا ثبوت دیا اور انہیں منہ کی کھانی پڑی۔ انہوں نے کہا کہ انصاف بزنس پینل کے کرتا دھرتاؤں نے اخلاقیات کی تمام حدیں پار کردیں اور انہیں پیپر ٹریڈ کے لئے اپیما کی خدمت ہضم نہ ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ چار سالوں سے مخالفین اپیما کے خلاف سازشوں اور تخریب کاری کی سرگرمیوں میں ملوث ہیں جس سے انہیں کوئی فائدہ حاصل نہیں ہورہا اور ان کی جانب سے مسلسل خدمت میں روڑے اٹکانے کے باوجود آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے اراکین کی خدمت جاری رکھی ہوئی ہے۔ عابد نثار نے کہا کہ لاکھوں روپے وکلاء کو ادا کرنے کے بجائے اسے ایسوسی ایشن کو مضبوط بنانے کے لئے خرچ کئے جانے چاہئے تاکہ وہ شہزاد اقبال مرحوم کے لئے صدقہ جاریہ ہوسکے۔ انہوں نے پیشکش کی کہ وہ آئیں اور مذاکرات کے ذریعے معاملات کو حل کریں۔ کیونکہ گذشتہ چار سالوں سے قانونی جنگ سے کوئی فائدہ نہیں ہوا ہے اور آئندہ بھی کوئی امکان نہیں۔ عابد نثار نے ممبران کو یقین دلایا کہ وہ فیڈریشن میں ان کے مسائل کے حل کے لئے آواز اٹھائیں گے اور انہوں نے ان پر جو اعتماد کیا ہے اس پر پورا اتریں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

مشاہدات وتاثرات



محمد رؤف انصاری

# سیلز ٹیکس رسیدوں کی ''پروازیں''

ایک اطلاع کے مطابق پاکستان میں سیلز ٹیکس ایکٹ کے تحت جاری ہونے والی ''پروازی رسیدوں'' (Flying Invoices) کے ذریعے تقریباً 5 سے 6 کھرب روپے کا ٹیکس چوری کیا جارہا ہے۔

پاکستان میں جعلی سیلز ٹیکس انوائس کی تحقیقات میں 200 کمپنیوں کا جعلی سیلز ٹیکس انوائسز استعمال کرنے کا انکشاف سامنے آیا ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق ایف بی آر کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 200 کمپنیاں 314 ارب روپے کے ٹیکس فراڈ میں ملوث پائی گئیں،جعلی انوائس میں ملوث کمپنیوں میں کارپوریٹ ٹیکس آفس کراچی کی 6، لاہور کی 69، ٹیکس فراڈ میں لارج ٹیکس یونٹ اسلام آباد کی 7 کراچی کی 10 لاہور کی 43 کمپنیاں، ریجنل ٹیکس آفس ایبٹ آباد کی 10 وجرانولہ کی 15 کمپنیاں، اسلام آباد کی 3 پشاور کی 20 سیالکوٹ کی 3 آرٹی او کراچی ون کی 8 آرٹی او کراچی ٹو کی 39 کمپنیاں ملوث ہیں۔

ایک اور خبر کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے کارروائی کرتے ہوئے کراچی میں جعلی سیلز ٹیکس کا کروڑوں کا فراڈ پکڑلیا۔ریجنل ٹیکس آفس ان لینڈ ریونیوزون ٹو کے مطابق رئیس انٹرپرائزز، سعید آباد، بلدیہ ٹاؤن، کراچی ویسٹ، ملزم رئیس 2022 سے ایف بی آر میں درآمدکنندہ/ برآمدکنندہ کےطور پر رجسٹرڈ ہے۔ملزم نے 80 کروڑ 95 لاکھ روپے سے زائد کی ڈمی گھریلو خریداری میں 13 کروڑ 76 لاکھ روپے سے زائد کاٹیکس فراڈ کیا۔

اس کی تصدیق اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ گزشتہ ماہ اسی طرح ایک اور کیس میں 69 ارب روپے کی ٹیکس چوری فلائنگ انوائسز کے زمرے میں پکڑی گئی ہے۔

جعلی اور فلائینگ انوائیسز کے خلاف ایف بی آر متحرک ہوا ہے چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے جعلی اور فلائینگ انوائیسز کے خلاف کاروائی کے احکامات کے بعد ایف بی آر کے تمام فیلڈ دفاتر ٹیکس چوری کے سد باب کے لئے متحرک ہو گئے ہیں۔ایف بی آر ہیڈکوارٹر نے جعلی اور فلائینگ انوائیسز میں ملوث افراد کے خلاف سخت ایکشن لینے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ان ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ایف بی آر کے کراچی آفس نے جعلی کاروباری یونٹ کے خلاف ایکشن لیا ہے اور ذمہ داران کو گرفتار کرلیا ہے۔جعلی یونٹ ایس آر او 1125 کے تحت درآمدی سطح پر عائد ڈیوٹیز اور ٹیکس کی چوری کررہا تھا۔جعلی کاروباری یونٹ جعلی اور فلائینگ انوائیسز بھی جاری کررہا تھا جس کی وجہ سے جھوٹی ان پٹ ایڈجسٹمنٹ اور ریفنڈز کے لئے دعوی دائر کیا جاتا تھا۔اس ٹیکس فراڈ کے نتیجے میں قومی خزانے کو 210 ملین کا نقصان پہنچا ہے۔ایف بی آر نے مرکزی ملزم مبارک خان کو گرفتار کرلیا ہے۔اسی طرح کراچی میں 105 ملین روپے کی ایک اور ٹیکس چوری کا کیس پکڑا گیا ہے جس کی وجہ تھی جعلی اور فلائنگ انوائیسز کا اجرا۔ایف بی آر نے عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹیکس چوری کے سدباب کے لئے ایف بی آر کا ساتھ دیں اور جعلی اور فلائینگ انوائیسز کے ذریعے ٹیکس چوری کرنے والوں کی شناخت میں ایف بی آر کے ساتھ تعاون کریں۔ایف بی آر اطلاع دینے والوں کو رولز کے تحت نقد انعام دے گی اور ان کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

اس سلسلے میں معلومات ڈائریکٹر ہیڈکوارٹر انٹیلیجنس اینڈ انوسٹی گیشن آئی آر کو فون نمبر 0519260167 اور فیکس نمبر 0519260156 پر دی جاسکتی ہیں۔

یہ اور اس جیسی متعدد خبریں اکثر اخبارات کی زینت بنتی رہتی ہیں اور ایف بی آر فلائنگ انوائسز کے خلاف اپنی سرتوڑ کوشش کرتا رہتا ہے۔لیکن صورت حال جوں کی توں ہے آخر یہ مرض ہے کیا؟ جو ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا ہے۔

سوال یہ ہے فلائنگ انوائسز مارکیٹ میں کیوں پیدا ہورہی ہیں؟

پہلی وجہ تو وہی ہے کہ سیلز ٹیکس رجسٹریشن کے وقت افسران جگہ وغیرہ کا معائنہ کرتے ہیں وہ صحیح رحقیقی ہونے کے باوجود اپنی جیب گرم کئے بغیر رجسٹریشن کی تصدیق نہیں کرتے بالخصوص اگر ''مینوفیکچرنگ رجسٹریشن'' ہو تو یہ مٹھی خاصی موٹی ہوجاتی ہے آپ اندازہ کریں اگر کوئی جعلی رجسٹریشن ہوتی ہے تو اس میں ایف بی آر کے افسران کا حصہ کتنا ہوگا جنہیں پکڑا جانا چاہیئے اور جب بھی جعلی رجسٹریشن پکڑی جائے تو اس افسر کے خاف بھی تادیبی کارروائی ہو جو اس کو رجسٹریشن کرنے کا ذمہ دار ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ ایف بی آر نے ٹیکس دہندگان کی سہولت کے لئے جو آن لائن رجسٹریشن سسٹم رکھا ہے اس کا چند افراد ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں اس سلسلے میں ایف بی آر کو رجسٹریشن کے بعد تصدیقی عمل کے لئے طریقہ کار مرتب کرنا چاہیئے جیسا کہ بینک اکاؤنٹ اس وقت تک ایکٹو نہیں کرتے جب تک کہ وہ پتہ کی تصدیق اپنے خطوط بھیج کر نہیں کر لیتے۔اسی طرح کا نظام ایف بی آر کو بھی اختیار کرنا چاہیئے۔

تیسری بنیادی وجہ یہ ہے کہ ملک میں کوئی دستاویزی نظام نہیں ہے۔سیلز ٹیکس 1990 سے نافذ ہے۔33 سال گزرنے کے باوجود ہم آج تک مکمل سیلز ٹیکس ایکٹ نافذ نہیں کر سکے ہیں۔ہول سیلرز، امپورٹرز، مینوفیکچررز، ایکسپورٹرز، سپلائرز پر سیلز ٹیکس کی رجسٹریشن لازمی ہے۔ریٹیلرز کی اکثریت اس سے مستثنیٰ ہیں۔سیلز ٹیکس ایکٹ کے تحت آپ اضافی 0.3 فیصد سیلز ٹیکس کی ادائیگی پر غیر رجسٹرڈ شخص رفرم کو مال فروخت کر سکتے ہیں۔اس طرح اس ملک کے 90 فیصد ریٹیلرز رہول سیلرز سیلز ٹیکس رجسٹریشن سے باہر ہیں۔اس پر مزید یہ کہ حکومت نے سیاسی دباؤ پر 50 ہزار سے زائد کی فروخت پر شناختی کارڈ نمبر کے اندراج کی شرط بھی واپس لے لی اور غیر رجسٹرڈ افراد کو سہولت فراہم کردی۔

اس ماحول میں اگر آپ مارکیٹ میں جائیں تو سیلز ٹیکس کے زمرے میں آنے والی اشیاء بھی مارکیٹ میں بغیر سیلز ٹیکس انوائسز دستیاب ہوتی ہیں آپ سیلز ٹیکس انوائس کا مطالبہ کریں تو کوئی آپ کو انوائس دینے کے لئے تیار نہیں ہے کیونکہ وہ خود رجسٹرڈ نہیں ہوتا ہے۔

اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے ایک رجسٹرڈ مینوفیکچررز رہول سیلرز ر قابل ٹیکس اشیا کسی بھی رجسٹرڈ ادارے کے بشمول حکومتی ادارے کے لئے خریداری کرتا ہے تو اسے سیلز ٹیکس انوائس دستیاب نہیں ہوتی ہے اب کاروبار کے لئے اس کی مجبوری ہوتی ہے کہ وہ مال غیر رجسٹرڈ شخص سے خریدے جس کا اسے 18 فیصد ایڈجسٹمنٹ نہیں ملتا ہے اب وہ 18 فیصد ٹیکس جو اس نے ادا کیا ہے اگر وہ اس طرح اپنی سیلز میں ظاہر کرے گا تو اسے دوبارہ 18 فیصد سیلز ٹیکس دینا پڑے گا جو یقیناً ناقابل برداشت ہوتا ہے۔ایسے رجسٹرڈ افراد جو اس 18 فیصد سے چھٹکارہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کی سہولت کے لئے رجسٹرڈ مینوفیکچررز/ امپورٹرز کے کارندے مارکیٹ میں آجاتے ہیں اور وہ بغیر مال خریدے سیلز ٹیکس انوائسز 3 تا 6 فیصد پر فراہم کردیتے ہیں جس سے ایک طرف خریدار کو ٹیکس ایڈجسٹمنٹ مل جاتی ہے اور دوسری طرف یہ مینوفیکچررز/ امپورٹرز 3 تا 6 فیصد کی اضافی آمدنی حاصل کر لیتے ہیں۔یہیں سے ''پروازی رسیدوں'' کی جڑ پیدا ہوتی ہے۔دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے ملک کی کوئی بھی ہول سیل مارکیٹ لے لیں وہاں ان انوائسز کی فروخت کا سلسلہ کھلے عام جاری ہے۔آپ مال کسی سے خریدتے ہیں، انوائسز آپ کو کسی اور کی ملتی ہے اور آپ اضافی رقم دینے پر مجبور ہیں۔

اب اس میں کچھ افراد جعلی کود جاتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں۔لیکن چونکہ سیلز ٹیکس نظام کے تحت سیلز انوائسز براہ راست خریدار کے پورٹل پر آتی ہے تو وہ اس کی تصدیق کر دیتا ہے اس طرح وہ قانونی تقاضے پورے ہوجاتے ہیں۔قانونی تقاضوں کومزید مضبوط کرنے کے لئے اس انوائسز کی بذریعہ چیک

(باقی صفحہ ۱۳ پر ملاحظہ کیجئے)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimi
paper producs

**CONTACT**

Shop #1, Bikiya Maznil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road,Karachi
Phone: 021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## FOR BOOKING

Shop # 8 Salma Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi74200
Phone:021-32626285, 32626391. 32630109



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# آرٹ کارڈ و پیپر، کاربن لیس، آفسیٹ پیپر اور اسٹیکر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 13 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ ، نیویا آرٹ پیپر ، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو اور امپریشن اسٹار ، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی، آفسیٹ ریل کٹ ، آفسیٹ بوہی، آفسیٹ نیویا ریلز اور اسٹیکر پیپر کانٹیک ، یونگی، سپرٹیک ، گولڈن ٹیک جی ایس ایف ، پاور ٹیک ، وائی ایم سی اور لیبل ٹیک کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ اور رئیل میں کمی بیشی دیکھنے میں آئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ کی صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز ،260، 250، 210 ، 190،200 310، 300 اور 350 گرام ، 390 روپے سے کم ہوکر 385 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔100۔105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 400 روپے سے کم ہو کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 400 روپے سے کم ہوکر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 4800 روپے سے کم ہو کر 4650 روپے، 18x23 سائز 5600 روپے سے کم ہو کر 5500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 6400 ، روپے سے بڑھ کر 6450 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 340 روپے سے کم ہو کر 330 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ رئیل شیٹس تمام سائز تمام گرام 320 روپے سے بڑھ کر 325 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام 490 ، روپے سے کم ہوکر 485 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 75 ،70 اور 80 گرام، 480 روپے سے کم ہوکر 460 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ بوہی چائنا تمام سائز تمام گرام 500 روپے سے کم ہوکر 475 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ نیویا چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 480 روپے سے کم ہوکر 450 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ اسٹیکر کانٹیک 20x30 سائز 4000 روپے سے کم ہوکر 3900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4250 روپے سے کم ہوکر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر سپر ٹیک 20x30 ، سائز، 4050 روپے سے کم ہوکر 3900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 4100 ، روپے سے کم ہوکر 3900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز 3900 ، روپے سے کم ہوکر 3800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 4000 روپے سے کم ہوکر 3900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز ، 4100 روپے سے کم ہو کر 3950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## انٹر بینک میں ڈالر 30 پیسے تک سستا

کراچی (بزنس ڈیسک) بدھ 13 دسمبر کو انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت 30 پیسے تک کم ہوگئی، اوپن مارکیٹ میں استحکام، یورو کی قیمت میں ایک روپے کا اضافہ، پاؤنڈ کی قیمت بھی ایک روپے تک بڑھ گئی، فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق منگل 12 دسمبر کو روپے کے مقابلے پر انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت خرید 30 پیسے کی کمی سے 283.70 روپے سے کم ہوکر 283.40 روپے ہو گئی تھی جبکہ قیمت فروخت 284.00 روپے پر برقرار رہی، اوپن مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قیمت خرید 281.75 روپے اور قیمت فروخت 284.75 روپے پر برقرار رہی۔

## یونیورسل پیپر مارٹ میں چوری - دکانداروں کو حفاظتی اقدامات کی ہدایت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ایک اعلامیہ کے مطابق 12 دسمبر کی صبح سویرے پیپر مارکیٹ میں میسرز یونیورسل پیپر مارٹ کے عبدالرشید کی دوکان کے تالے توڑ کر نا ملعوم چور نقدی اور قیمتی سامان لے اڑے۔ اپیما کے اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ وہ اپنی مدد آپ کے تحت دکانوں کے حفاظتی انتظامات کو باہمی طور پر بہتر بنائیں۔ اپنی دوکان میں نقدی اور قیمتی سامان بشمول لیپ ٹاپ وغیرہ نہ رکھیں اس کے علاوہ رات کے اوقات میں دوکان کے باہر روشنی کا بھی انتظام رکھیں تا کہ کوئی بھی شخص تاریکی کا فائدہ اٹھا کر واردات نہ کرسکے ۔ اندھیرے میں چوری کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ ہر دوکاندار کو ان کے اپنے مفاد میں ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ اپنی دوکان میں سی سی ٹی وی کیمرے اور دوکان کے باہر روشنی کا فوری انتظام کریں۔ اپیما اپنے تمام ممبران کی جان و مال کو اولین ترجیح دیتی ہے لہٰذا تمام ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے انتظامات کو مزید بہتر بنائیں۔

## سپارے شائع کرنے کیلئے فنڈز کی عدم دستیابی پر سینیٹر مشتاق کا اظہار افسوس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے ٹرانس جینڈرز کی تشہیر، بیرون ملک دوروں ،لاہور میں میلے کیلیے فنڈز ہیں لیکن افسوس! اسکول کے بچوں کیلیے قرآنی سپارے شائع کرنے کے لیے فنڈز نہیں ہیں، ایک خبر پر ردعمل دیتے ہوئے انھوں نے کہا آئین میں درج ہے قرآن پاک اور اسلامیات کی تعلیم لازمی ہوگی اور حکومت سپاروں کیلیے فنڈز فراہم نہ کرکے آئین سے انحراف کر رہی ہے، عوام اور علما کرام اس کے خلاف آواز اٹھائیں۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725



# اسلم جیلانی کی ڈی جی ٹی او کے فیصلے کے بعد ایک بار پھر مخالفین کو مذاکرات کی پیشکش

## لاہور ہائی کورٹ کے اس ماہ ہونے والے فیصلے کے بعد وہ تنہا ہو جائیں گے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سابق سینئر وائس چیئرمین اور سابق رکن فیڈریشن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محمد اسلم جیلانی نے ایک بیان میں ڈی جی ٹی او آفس میں اپیما کا کیس شاندار طریقے سے پیش کر کے کامیابی حاصل کرنے پر اپیما کی پوری ٹیم اور قانونی مشیروں کو مبارکباد دی۔ جبکہ ماضی میں ڈی جی ٹی او آفس متعصّبانہ اور غیر قانونی فیصلے کرتا رہا ہے تاکہ مخالفین کے قانونی مشیر، سابق ملازم ڈی جی ٹی او رضوان شبیر کیانی کو خوش کیا جاسکے۔ لیکن اس مرتبہ اپیما نے اپنے کیس کی ذمہ داری انتہائی سینئر قانون داں اور صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کو سونپی۔ انہوں نے کہا کہ پوری ایگزیکٹو کمیٹی اپیما شہزاد شوکت ایڈووکیٹ کی خدمات کو سراہتے ہیں اور انہوں نے اپنی حیثیت سے کم عدالت میں پیش ہو کر اپیما کا کیس لڑا۔ یہ ان کی بڑے پن کا ثبوت ہے کہ انہوں نے متعدد ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے کیسز کو چھوڑ کر اور خود ذاتی طور پر لاہور سے اسلام آباد آئے اور ریگولیٹر کے روبرو اپیما کا جائز مقام دلانے میں اپنا کردار ادا کیا۔ جس کے نتیجے میں ڈی جی ٹی او ایک مناسب فیصلہ جاری کرنے پر مجبور ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ڈی جی ٹی او کے اس فیصلے کے بعد تمام اپیلوں کے دروازے بند ہو گئے ہیں کیونکہ فیصلے میں واضح لکھا گیا ہے کہ لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے تک اس سلسلے میں کوئی کارروائی نہیں ہو سکتی۔ اب مخالفین کے پاس کوئی راستہ نہیں ہے کہ وہ لاہور ہائی کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹائیں۔ کیونکہ اپیما کے خلاف تمام کیسز لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے پاس زیر التوا ہیں اور کوئی بھی دیگر بینچ ایک جیسے کیسز کو سننے کی پوزیشن میں نہیں ہوگی۔ اس لئے اب لاہور ہائی کورٹ کا آنے والا فیصلہ ہی اپیما کے انتخابات کی راہ ہموار کرے گا۔ ڈی جی ٹی او کے اس فیصلے نے فیڈریشن کے انتخابات میں اپیما کے نامزد اراکین خامس سعید بٹ اور عابد نثار کی بھرپور شرکت کی راہ ہموار کردی ہے۔ اسلم جیلانی نے کہا کہ اب مخالفین کے پاس یہ سنہری موقع ہے کہ وہ مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھیں اور اگر کوئی ماضی کے اختلافات ہیں تو انہیں دور کرلیں۔ بصورت دیگر دسمبر کے آخری ہفتے میں لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد وہ پیپر مارکیٹ میں تنہا رہ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس بات سوچنے کی ضرورت ہے کہ اس ساری لڑائی میں پیپر مرچنٹس کا کتنا نقصان ہو چکا ہے۔ اسلم جیلانی نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ لاہور ہائی کورٹ انتخابات کا ہی راستہ دے گی اور کسی بھی صورت میں یہ نہیں ہوگا کہ اپیما کو بند کردیا جائے۔ اسلم جیلانی نے فراخدلانہ پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ اگر مخالفین ایگزیکٹو کمیٹی کی تمام کی تمام نشستیں حاصل کرنے چاہتے ہیں تو ہم انہیں یہ بھی دینے کے لئے تیار ہیں اور ان کے خلاف انتخابات نہیں لڑیں گے تاکہ ایسوسی ایشن ان کے حوالے ہوسکے۔ اسلم جیلانی نے کہا کہ ہم جانتے ہیں کہ اپیما کے سینئر اور باشعور اراکین ہی اس کے ممبر بنیں گے اور غیر متعلقہ افراد کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پہلے ہی ڈیڑھ سو اراکین کی موجودگی میں متعدد بار اس بات کا اعلان کرچکے ہیں اور کئی بار مارکیٹ کے سینئر اراکین کو بات چیت کے لئے بھیج چکے ہیں کہ اگر کوئی تنازعہ ہے اس کو حل کرلیا جائے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ مخالفین مسئلے کے حل کے لئے بات چیت کے بجائے بچکانہ، غیر قانونی اور غیر اخلاقی طرز عمل اختیار کرتے ہوئے ڈی جی ٹی او اور عدالتوں کے چکر لگا کر کروڑوں روپے وکلاء کی جیبوں میں ڈال رہے ہیں۔ جبکہ انہی رقوم سے غریبوں کی مدد بھی کی جاسکتی ہے۔

### چائنا کے ووڈ فری اور فوٹو کاپی پیپر کی مارکیٹ میں مقبولیت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پیپر مارکیٹ کے سروے کے مطابق گزشتہ ماہ چائنا سے آفسیٹ پیپر دو برانڈ نیو یا ووڈ فری پیپر اور بوہی فوٹو کاپی پیپر مارکیٹ میں متعارف کرائے گئے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ طویل عرصے کے بعد چائنا سے آفسیٹ پیپر کی درآمد کو پسند کیا جا رہا ہے اور دونوں برانڈ مقبولیت حاصل کر رہی ہیں۔ اس طرح انڈونیشیا کی اجارہ داری جو کہ آئی کے 035 کی صورت میں تھی اس کو بھی مقابلے کا سامنا ہے۔ فی الحال چائنا سے نیو یا ووڈ فری پیپر ریل 60، 70، 80، 90 اور 100 گرام میں دستیاب ہے جس کی ہول سیل قیمت 450 روپے کلو ہے جبکہ آئی کے آفسیٹ ریل کٹ جو گزشتہ ہفتہ 480 روپے کلو فروخت ہو رہا تھا اب 460 روپے کلو میں دستیاب ہے۔ اسی طرح بوہی کا فوٹو کاپی پیپر 70، 80 اور 100 گرام کی شیٹوں میں دستیاب ہے اور اس کی قیمت 475 روپے کلو ہے۔ اسی گرام کا آئی کے آفسیٹ 490 روپے کلو سے کم ہو کر 485 روپے کلو میں دستیاب ہے۔

# 12ویں اپیما کرکٹ کپ 2024 کیلئے کھلاڑیوں کی رجسٹریشن شروع

## 13 دسمبر تک اراکین آل پاکستان پیپر مرچنٹس، ان کے بچے اور اسٹاف رجسٹریشن کرا سکتے ہیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پیپر مرچنٹس کی انٹرٹینمنٹ سب کمیٹی نے میسرز مدینہ انٹرنیشنل کے تعاون سے پیپر مارکیٹ کے پیپر مرچنٹس اور مارکیٹ کے دکانداران کی تفریح کیلئے مسلسل بارھواں سال بھی کرکٹ کپ، 2024 منعقد کروانے کا فیصلہ کیا ہے جو بروز اتوار، 04 فروری 2024 انشاء اللہ، کراچی، میں منعقد ہوگا۔ جس میں ہمیشہ کی طرح پیپر مرچنٹس اراکین و دکانداران کی فیملیز اور بچوں کیلئے خصوصی تفریحی پروگرام بھی ترتیب دیے گئے ہیں۔ کرکٹ کپ کے میچز میں حصہ لینے والی پیپر مرچنٹس کی ٹیموں میں شمولیت کیلئے کرکٹ میچ میں دلچسپی رکھنے والے اراکین یا ان کے بچے اور اسٹاف سے مقررہ کرکٹ رجسٹریشن فارم پر، 09 دسمبر، 2023 سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ پُر شدہ فارم بمعہ مبلغ =/2000 روپے نقد بطور رجسٹریشن فیس زیادہ سے زیادہ، 31 دسمبر، 2023 تک دفتر ایسوسی ایشن میں جمع کرادیں۔ ہمیشہ کی طرح کھلاڑیوں کو ٹراؤزر، ٹی شرٹس، کیپس، شیلڈ اور لنچ فراہم کیا جائے گا۔ چیئرمین انٹرٹینمنٹ کمیٹی محمد رضا شیخ کے مطابق کھلاڑیوں کے انتخاب کو منظوری / نامنظوری کا حتمی اختیار انٹرٹینمنٹ سب کمیٹی کو حاصل ہے۔ درخواست فارم بغیر کسی چارجز کے دفتر ایسوسی ایشن سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

# 500 ڈالر تک کیلئے ای آئی ایف کی ضرورت نہیں، اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان سنگل ونڈو کی جانب سے درآمد کنندگان کی 500 ڈالر تک کی ڈکلیئرڈ ویلیو کی ایک سو کلوگرام تک کی اشیا کی درآمدات کے لئے فائل کردہ گڈز ڈکلیئریشن متعلقہ بینکوں کو منتقل نہ کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے جس کے باعث درآمد کنندگان کو بینکوں کے ذریعے اپنے اوپن اکاؤنٹ سے ادائیگیوں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے درآمد کنندگان کی شکایات اور مسئلے کے حل کے لیے چیئرمین ایف بی آر کو خط بھی لکھ دیا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے سنگل ونڈو ٹیم کو آگاہ کیا تھا کہ 500 ڈالر کی ایک سو کلوگرام تک کی اشیا کی درآمدات کے لئے ای آئی ایف کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اسٹیٹ بینک نے مسئلہ کے حل کے لئے ایف بی آر کو دو آپشن بھی تجویز کئے ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایف بی آر انٹیلی جنس کا ڈیفنس میں وکلاء کے دفتر پر چھاپہ

## وکلاء نے کراچی بار سے احتجاج کی درخواست کردی۔ چھاپہ سیلز ٹیکس کے حوالے سے تھا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے رکن اور کسٹم اینڈ سیلز ٹیکس پریکٹشنرز ایسوسی ایشن کراچی کے جنرل سیکریٹری نے ڈائریکٹریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن آئی آر میں تعینات افسران و اہلکاروں کی جانب سے اختیارات کے ناجائز استعمال اور وکلاء کو ہراساں کیے جانے کے خلاف کراچی بار ایسوسی ایشن کو کاروائی وہڑتال کی درخواست دے دی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی بار ایسوسی ایشن کے رکن اور کسٹم اینڈ سیلز ٹیکس پریکٹشنرز ایسوسی ایشن کراچی کے جنرل سیکریٹری کی جانب سے صدر کراچی بار ایسوسی ایشن اور جنرل سیکریٹری کو دی جانے والی تحریری درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ 7 دسمبر کی شام تقریباً ساڑھے چار بجے ڈائریکٹر آئی اینڈ آئی (آئی آر) کراچی طارق غنی اپنے ماتحت افسران اعظم نفیس ، سعید خان اور دیگر افراد کے ہمراہ قانونی تقاضوں کو پورا کئے بغیر ڈی ایچ اے فیز 5، بدر کمرشل اسٹریٹ 4C ، پر واقع بلڈنگ نمبر 6 کی دوسری منزل پر قائم آفس نمبر 201 میں زبردستی داخل ہوئے اور وہاں اپنے فرائض کی انجام دہی میں مصروف تین ایڈووکیٹ رب نواز ، فرخ نعیم خان اور گلریز احمد رضا سے ان کے موبائل فون ، لیپ ٹاپ سمیت ڈی وی آر ، کیمرے اور دیگر اشیاء بھی جبری طور پر چھین لی جبکہ سائلین کی کیس فائلیں اور دیگر ریکارڈ کو بھی اپنی تحویل میں لے کر ایک وکیل کو بھی حراست میں لے لیا۔ جس کو تا حال کسی مقدمے میں نامزد نہیں کیا گیا ہے۔ اس موقع پر شفقت علی آرائیں نامی شخص بھی چھاپہ مار ٹیم کے ہمراہ موجود تھا۔ اطلاعات کے مطابق یہ چھاپہ سیلز ٹیکس کی جعلی و فلائنگ انوائسز کے حوالے سے درج مقدمات کے سلسلے میں تھا۔ اسی طرح ایک اور خبر کے مطابق کسٹم اینڈ سیلز ٹیکس پریکٹشنرز ایسوسی ایشن کراچی کے جنرل سیکریٹری کی جانب سے الزام عائد کیا گیا ہے کہ مذکورہ افسران و دیگر اہلکار سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے تحت غیر قانونی طور پر حاصل کئے گئے سرچ وارنٹ کی آڑ میں اسلحے کے ساتھ داخل ہوئے۔ علاوہ ازیں دو یا اس سے زائد مقامی افراد کی شمولیت نہ ہونے کے باعث سی آر پی سی کی دفعہ 103، وکلاء کی بہبود کے سیکشن 9 اور پروٹیکشن ایکٹ 2023 سمیت دیگر قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب بھی ہوئے۔ جبکہ ضبط کی جانے والی اشیاء کی دستخط شدہ فہرست بھی فراہم نہیں کی گئی۔ مذکورہ افسران واہلکاروں کی جانب سے اختیارات کے ناجائز استعمال کے باعث وکلاء کا استحقاق اور وقار شدید مجروح ہوا ہے جس کا ازالہ یقینی بنانے کے لئے ہڑتال کی کال دیئے جانے کے ساتھ مذکورہ افسران و اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی کا فوری آغاز کیا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات رونما نہ ہو۔

## حج درخواستیں جمع کرانے کی تاریخ میں 22 دسمبر تک توسیع

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستانی عازمین حج کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ سرکاری اسکیم کے تحت حج درخواستوں کی وصولی میں 22 دسمبر تک توسیع کردی گئی ہے، 12 دسمبر حج درخواستیں دینے کی آخری تاریخ تھی، جس میں 10 دن کی توسیع کی گئی ہے۔ ترجمان وزارت خارجہ کے مطابق سرکاری حج اسکیم میں درخواستیں جمع کروانے کی تاریخ میں 22 دسمبر تک توسیع کی گئی ہے۔ وزارت مزہبی امور نے یہ فیصلہ عازمینِ حج کے اصرار پر کیا اور 10 دن کی توسیع کردی گئی۔ ترجمان کے مطابق اسپانسر شپ اسکیم میں پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر درخواستیں وصول کی جارہی ہیں جبکہ بیرون ملک سے ڈالرز میں ادائیگی کرنے والے بلا قرعہ اندازی کامیاب کیے جائیں گے، عازمینِ حج کے اصرار پر وزارتِ مذہبی امور نے حجِ بدل پر 5 سالہ پابندی ختم کردی۔ گزشتہ 5 سال کے دوران حج کرنے والے امسال حج درخواست دینے کے اہل قرار دے دیے گئے، اس کے ساتھ ساتھ یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ اکیلی خواتین حلف نامہ فراہم کرنے پر قابل اعتماد خواتین کے گروپ میں حج کرسکیں گی۔

## الیکٹرانک انوائسنگ کے اجرا کے لیے ایف بی آر کی نئی ہدایات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت نے الیکٹرانک انوائسنگ کے اجرا کے لیے ایف بی آر کے ساتھ انٹیگریشن پر پابندی لگا دی۔ حکومت نے بغیر لائسنس کسی بھی کمپنی پر ٹیئر ون ریٹیلرز سمیت رجسٹرڈ لوگوں کی الیکٹرانک انوائسنگ کے اجرا کیلیے ایف بی آر کے ساتھ انٹیگریشن پر پابندی لگادی۔ آئندہ صرف لائسنس یافتہ کمپنیاں اور لوگ ہی انٹیگریشن کرسکیں گے۔ ایف بی آر لائسنسنگ کمیٹی نامزد کرے گا جبکہ اس کا ممبر ڈیجیٹل اقدامات اس لائسنسنگ کمیٹی کا کنویز ہوگا۔ اس ضمن میں ایس آر او جاری کردیا گیا۔

## بقیہ: سیلز ٹیکس رسیدوں کی "پروازیں"

ادائیگیاں بھی کی جاتی ہیں جو انہیں نقدی کی صورت میں واپس کر دی جاتی ہے۔

پہلے یہ ہو رہا تھا کہ آپ کسی بھی اشیاء کے سیلز ٹیکس کو دوسری اشیا کے سیلز ٹیکس سے ایڈجسٹ کر لیتے تھے تو اس طرح یہ انوائسز بھی زیادہ فروخت ہوجاتی تھیں یعنی آپ نے ایک مرتبہ کپڑے کی خریداری کی اور اب جوتے فروخت کررہے ہیں تو کپڑے کا سیلز ٹیکس ہے وہ جوتے کے ٹیکس میں ایڈجسٹ ہوجاتا تھا۔ لیکن ابھی حال ہی میں ایف بی آر نے ایک سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 13 مورخہ 7 اپریل 2022 کے ذریعے یہ پابندی عائد کردی ہے اور اس پر سسٹم میں عملدرآمد بھی ہو ہو رہا ہے کہ جو سیلز ٹیکس جس شے کے لئے ہے اسی شے کی فروخت سے ایڈجسٹ ہوگا یعنی اگر آپ نے ایچ ایس کوڈ 48 کے تحت پیپر آئٹم خریدے ہیں اگر آپ پیپر کے آئٹم ایچ ایس کوڈ 48 کو فروخت کریں گے تو وہ ٹیکس ایڈجسٹ ہوگا لیکن اگر آپ اسٹیشنری فروخت کررہے ہیں تو اس کی خریداری کی انوائس آپ کے پاس ہونی چاہیئے بصورت دیگر آپ 18 فیصد ٹیکس ادا کریں گے اور وہ پیپر کے مقابل ایڈجسٹ نہیں ہوگا۔

یہ ایک اچھا قدم ہے اس سے فلائنگ انوائسز کی رفتار میں یقیناً کمی آئے گی لیکن یہ اس کا مستقل حل نہیں ہے۔

اس کے مستقل حل کے لئے ہمیں سیلز ٹیکس کی شرح کو 10 فیصد یا اس سے کم کرنا ہوگا تاکہ جعلی / فلائنگ انوائسز والوں کے لئے کوئی "چمک" باقی نہ رہے۔ دوسرا یہ کہ ملک بھر کے تمام مینوفیکچررز / امپورٹرز پر پابندی ہو کہ وہ صرف سیلز ٹیکس رجسٹرڈ افراد کو ہی مال فروخت کریں گے خواہ اس کے لئے حکومت کو کتنی ہی مزاحمت کا سامنا کیوں نہ کرنا پڑے۔ ممکن ہے وقتی طور پر صنعتوں / امپورٹرز کو مسائل درپیش ہوں اور ان کی فروخت رک جائے لیکن یہ زیادہ عرصہ نہیں رک سکے گا۔ 20-15 دن میں جوں ہی مارکیٹ میں ہول سیلرز کے پاس اسٹاک ختم ہوگا آہستہ آہستہ وہ مجبوراً اس کا حصہ بنتا چلا جائے گا۔

اس سلسلے میں ایک اور قدم کی اشد ضرورت ہے کہ کسٹم کی سطح پر تو انڈر انوائسنگ کے خاتمے کے لئے کسٹم ایکٹ 1969 کے تحت متعدد اقدامات کئے جاتے ہیں جس میں ویلیو ایشن رولنگ کا اجرا پوسٹ کلیرنس آڈٹ وغیرہ جس سے اشیا کی کم از کم ویلیو ظاہر ہوجاتی ہے لیکن مقامی مینوفیکچرنگ کی سطح پر انڈر انوائسنگ روکنے کے لئے کوئی طریقہ کار موجود نہیں ہے اس پر بھی متعلقہ فریقین کے ساتھ مل کر کم از کم ویلیو کا تعین کیا جانا ضروری ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## انٹرمیڈیٹ بورڈ حیدرآباد کا پیپر، پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BISE/STORE/23/-261
ڈپلیکیٹنگ پیپر، 65 تا 70 گرام، تعداد: 15000 ریم
کمپیوٹر پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 1000 ریم
کمپیوٹر پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 700 ریم
(ڈبل اے برانڈ)
امتحانی میٹریل کی پرنٹنگ، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ، حیدرآباد۔
فون: 0318-9300110

## COMSATS یونیورسٹی کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: CUI-LHR-TN-23-1730
آنسر شیٹس اور لفافوں کی پرنٹنگ (برائے امتحانی ڈپارٹمنٹ)
مختلف اقسام کے پیپر ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 دسمبر 2023ء
